# BCG اور آپ کا بچہ

## ٹی بی کے خلاف بچوں کی حفاظت



امیونائزیشن آپ کے بچے کی
حفاظت کا بہترین طریقہ ہے۔

**یہ معلوماتی پرچہ BCG (Bacillus Calmette-Guerin) ویکسینیشن کے بارے میں ہے جو آپ کے بچے کو ٹی بی سے بچانے کے لیے پیش کی جا رہی ہے۔**

## BCG ویکسین کیا ہے؟

BCG ویکسین ان بیکٹیریا (جرثوموں) کی کمزور قسم ہے جو ٹی بی کا باعث بنتے ہیں۔ چونکہ یہ کمزور ہوتی ہے، اس لیے یہ ٹی بی کا باعث نہیں بنتی، لیکن یہ آپ کے بچے میں اس بیکٹیریا سے رابطے میں آنے کی صورت میں بیماری کے خلاف حفاظت (مامونیت) کو فروغ دینے میں مدد دیتی ہے۔

## ٹی بی کیا ہے؟

ٹی بی انفیکشن پھیلانے والی ایک سنگین بیماری ہے جو بچوں میں ٹی بی میننجائٹس (دماغ کی سطح کی سوجن) کا سبب بن سکتی ہے۔ نو عمر لوگوں اور بالغوں میں یہ عموماً پھیپھڑوں پر اثر انداز ہوتی ہے، لیکن یہ غدود، دماغ یا ہڈیوں کو بھی متاثر کر سکتی ہے۔ ٹی بی کے علاج میں کئی مہینے لگتے ہیں۔ اگرچہ اس ملک میں زیادہ تر لوگوں کی صحت علاج کے بعد مکمل طور پر بحال ہو جاتی ہے، ٹی بی میننجائٹس مہلک ہو سکتی ہے یا سنگین معذوری کا باعث بن سکتی ہے۔

## ٹی بی کیسے لگتی ہے؟

آپ کو ٹی بی صرف کسی ایسے شخص سے لگ سکتی ہے جس کے پھیپھڑے اور گلا پہلے سے ہی انفیکشن زدہ ہوں اور جو کھانسی کر رہا ہو۔ جب وہ کھانسی کرتے ہیں تو چھوٹے چھوٹے قطروں کا ایک سپرے بنتا ہے جس میں جرثومے ہوتے ہیں۔ اگر آپ ان چھوٹے قطروں کو سانس کے ذریعے اندر لے جاتے ہیں تو آپ کو بھی یہ بیماری لگ سکتی ہے۔ اگرچہ یہ قطرے ہوا میں لمبے عرصے تک رہ سکتے ہیں، لیکن عموماً بیماری کے پھیلنے کے لیے کسی متاثرہ شخص کے ساتھ قریبی اور لمبے عرصے تک رابطہ



## ٹی بی کتنی عام ہے؟

یوکے میں ٹی بی کے سال میں تقریباً 5000 کیسز ہوتے ہیں جن میں سے 60 شمالی آئرلینڈ میں ہوتے ہیں۔ لہذا، اگرچہ یہ غیر ممکن ہے کہ آپ متاثر ہوں گے لیکن ہر شخص کو ٹی بی کی علامتوں سے واقف ہونا چاہیے۔ یہ اس لیے خصوصی طور پر اہم ہے کہ ٹی بی دنیا بھر میں پھیلی ہوئی بیماری ہے اور بہت سے علاقوں میں پھیل رہی ہے۔ پہلے سے زیادہ لوگوں کے دنیا بھر میں سفر کرنے کی وجہ سے، خطرہ بڑھ گیا ہے کہ جو لوگ ٹی بی کی زیادہ شرح والے ملکوں میں رہتے یا کام کرتے رہے ہیں وہ بیماری کی زد میں آئیں گے یا اسے اس ملک میں لائیں گے۔

## ٹی بی کی علامات کیا ہیں؟

ٹی بی عملاً جسم کے کسی بھی حصے کو متاثر کر سکتا ہے، چنانچہ علامات مختلف ہوتی ہیں اور کسی بچے میں اس بیماری کی علامات کسی بالغ سے مختلف ہو سکتی ہیں۔ تاہم، چونکہ ٹی بی انفیکشن پھیلانے والی بیماری ہے، لہذا یہ اہم ہے کہ آپ کسی دوسرے شخص میں اس بیماری کو پہچانیں۔ اگر آپ کے بچے یا
آپ کے خاندان کے کسی اور فرد یا دوست میں درج ذیل میں سے کوئی علامت ہو تو ڈاکٹر سے رابطہ کریں:

- کھانسی جو تین ہفتوں سے زیادہ عرصہ رہے
- بخار ہو
- پسینہ آ رہا ہو، خصوصاً رات کے وقت
- وزن گر جائے
- تھکاوٹ محسوس ہو
- کھانسی میں خون ہو۔

ٹی بی کی زیادہ شرح والے ممالک یہاں دیکھے جا سکتے ہیں:
**www.gov.uk/government/publications/tuberculosis-tb-bycountry-rates-per-100000-people**

## میرے بچے کو BCG کی پیش کش کیوں کی جا رہی ہے؟

بہت سے دوسرے ملکوں کی طرح یوکے میں BCG بچوں کو پیش کی جاتی ہے جن کا عمومی آبادی کی نسبت زیادہ امکان ہوتا ہے کہ وہ ٹی بی کے شکار کسی شخص کے ساتھ رابطے میں آئیں گے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ یا تو ایسے علاقے میں رہتے ہیں جہاں ٹی بی کی شرح زیادہ ہے یا ان کے والدین یا دادا/دادی ٹی بی کی زیادہ شرح والے ملک سے تعلق رکھتے ہیں۔ ویکسینیشن مفت ہے اور اسے عموماً پیدائش کے بعد یا تو اسپتال میں پیش کیا جاتا ہے یا جب آپ گھر آ جاتے ہیں۔

## میرے بچے کو کیسے مامون کیا جاتا ہے؟

آپ کے بچے کے بائیں بازو کے اوپری حصے میں BCG ویکسینیشن لگائی جائے گی۔

## کوئی ضمنی اثرات تو نہیں؟

انجیکشن کے فوری بعد، ایک چھالا نمودار ہو گا۔ یہ ظاہر کرتا ہے کہ انجیکشن ٹھیک سے لگایا گیا ہے۔

انجیکشن کے دو سے چھ ہفتوں کے بعد، ایک چھوٹا سا داغ نمودار ہو گا۔ یہ کچھ دنوں تک کافی تکلیف دہ ہو سکتا ہے لیکن اگر آپ اسے کوور نہیں کرتے تو اسے بتدریج ٹھیک ہو جانا چاہیے۔ ہو سکتا ہے یہ ایک چھوٹا سا نشان چھوڑ جائے۔

کبھی کبھار ہو سکتا ہے انجیکشن کی جگہ آپ کے بچے کو ایک پھوڑا بن جائے۔ اگر اس میں سے پیپ نکل رہی ہے اور کوور کرنا ضروری ہے تو خشک پٹی استعمال کریں (پلستر کبھی استعمال نہ کریں) یہاں تک کہ کھرنڈ بن جائے۔ یہ پھوڑا ٹھیک ہونے میں کئی مہینے لگ سکتے ہیں۔

اگر آپ پریشان ہیں یا آپ کو لگتا ہے کہ پھوڑے میں انفیکشن ہو گیا ہے تو اپنے ڈاکٹر یا نرس سے رجوع کریں۔

شاذ و نادر ویکسین سے الرجی بھی ہو سکتی ہے، جیسے جسم کے کچھ یا سارے حصے کو متاثر کرنے والی پت یا خارش۔ اس سے بھی زیادہ کم تعداد میں یہ بھی ہو سکتا ہے کہ بچوں کو
ویکسین سے سخت ری ایکشن ہو جائے اور سانس لینے میں دشواری ہو اور ممکنہ طور پر وہ بے ہوش ہو جائیں۔ اسے اینافیلیکسز کہا جاتا ہے۔ ایک حالیہ مطالعے میں بتایا گیا ہے کہ 5 لاکھ لگائی گئی ویکسینز میں سے ایک کیس اینافیلیکسز کا سامنے آتا ہے۔ اگرچہ الرجی پریشانی کا باعث بن سکتی ہے، لیکن علاج سے صحت جلدی اور مکمل بحال ہو جاتی ہے۔

## کوئی ایسی وجوہات ہیں جن کی وجہ سے میرے بچے کو BCG ویکسینیشن نہ لگے؟

انجیکشن نہیں لگانا چاہیے یا ملتوی کر دینا چاہیے اگر آپ کا بچہ:

- تیز بخار میں ہو
- کینسر یا کسی اور سنگین بیماری کا علاج کرا رہا ہو جس سے نظامِ مامونیت (Immune System) کمزور ہو جاتا ہے
- ہو سکتا ہے اسے HIV ہو (یعنی اگر ماں کو HIV ہو)
- جلد کی کسی عمومی بیماری، مثلاً ایکزیما، کا شکار ہو
- گھر میں ایسے شخص کے ساتھ رہ رہا ہو جو مشتبہ یا مصدقہ طور پر ٹی بی کا شکار ہو اور جس کا علاج ابھی نہ کرایا گیا ہو۔ ان حالات میں BCG ویکسینیشن ملتوی کرنا ہو گی؛ آپ سے اس سلسلے میں بات کی جائے گی۔

## کیا مجھے کچھ اور جاننے کی ضرورت ہے؟

اس بات سے قطع نظر کہ اس نے کب BCG لگوائی، آپ کا بچہ اپنی روٹین بنیادی ویکسینیشنز دو ماہ کی عمر میں شروع کر سکتا ہے۔

تاہم آپ کو یقینی بنانا چاہیے کہ BCG کے بعد کم از کم تین مہینوں تک اُسی بازو میں بچے کو کوئی اور انجکشن نہ لگایا جائے جس میں BCG لگائی گئی تھی، نہیں تو اس جگہ کے غدود سوج سکتے ہیں۔

یہ بھی یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کے پرسنل چائیلڈ ہیلتھ ریکارڈ (PCHR) میں مستقبل کے حوالے کے لیے BCG ویکسینیشن کا ریکارڈ ہو۔

## میں کیسے کہہ سکتا/سکتی ہوں کہ میرے بچے کو BCG ویکسینیشن کی ضرورت ہے؟

اگر آپ ان میں سے کسی سوال کے جواب میں 'ہاں' کہتے ہیں تو آپ کے بچے کو BCG ویکسینیشن کی ضرورت ہے اگر اس نے ابھی تک نہیں لگوائی۔

- کیا آپ کے بچے کے والدین یا دادا/دادی میں سے کوئی ایسے ملک سے ہے جہاں ٹی بی کی زیادہ شرح ہو (جیسا اس فہرست میں درج ہے: **www.gov.uk/government/publications/tuberculosis- tb-by-country-rates-per-100000-people/who-estimates-of-tuberculosis-incidence- by-country-and-territory-2020-accessible-text-version** )؟
- کیا آپ اور آپ کا بچہ مستقبل قریب میں ان میں سے کسی ملک میں ایک مہینے سے زیادہ رہیں گے یا اکثر سفر کریں گے؟
- کیا آپ کے گھر میں سے کوئی فرد یا کوئی اور شخص ایسا ہے جس کا آپ کے بچے کے ساتھ لمبے عرصے کے لیے قریبی رابطہ رہے گا، جسے یا تو ٹی بی ہے یا پچھلے پانچ سالوں میں تھا یا اس کا ان ملکوں میں سے کسی سے تعلق ہے؟

## کیا میں اپنے یا اپنے بچوں کے لیے BCG ویکسینیشن کی درخواست کر سکتا/سکتی ہوں؟



صرف ان افراد کو جو ٹی بی کے مخصوص خطرات کا شکار ہیں (اوپر دیکھیں) BCG ویکسینیشن پیش کی جائے گی۔ ویکسینیشن پیش کیے جانے سے پہلے یہ دیکھنے کے لیے
آپ یا آپ کے بچے کی تشخیص کی جائے گی کہ کیا آپ معیارات پر پورا اترتے ہیں۔

اگر آپ ٹی بی، BCG ویکسین یا کسی اور ویکسین کے بارے میں مزید معلومات چاہتے ہیں یا اگر آپ یہ معلوماتی پرچہ اور زبانوں میں چاہتے ہیں تو اپنے ڈاکٹر، ہیلتھ وزیٹر، دائی یا نرس سے بات کریں یا ملاحظہ کریں: www.nidirect.gov.uk/conditions/tuberculosis-tb#toc-4

## یاد رکھیں، ٹی بی کے علاج میں لمبا عرصہ لگتا ہے، جبکہ اس سے بچنا کہیں آسان ہے۔


Public Health Agency

**Public Health Agency**
12-22 Linenhall Street, Belfast BT2 8BS.
Tel: 0300 555 0114 (local rate).
www.publichealth.hscni.net


ہمیں یہاں پائیں

08/23